GOBIERNO DE ARAGON
Departamento de Educación, Ciencia y Universidades

CEFyCA
CENTRO DE EVALUACIÓN, FORMACIÓN y CALIDAD DE ARAGÓN

خاندانوں کو خط

تشخیصی امتحان 2024

FIRMADO ELECTRÓNICAMENTE por José Calvo Dombón, Director, CENTRO DE EVALUACIÓN, FORMACIÓN Y CALIDAD DE ARAGÓN el 11/04/2024.
Documento verificado en el momento de la firma y verificable a través de la dirección http://www.aragon.es/verificadoc con CSV CSVWA75RMJ5GG1V01PFI.

CENTRO DE **EVALUACIÓN, FORMACIÓN** y **CALIDAD** DE **ARAGÓN**

معزز خاندان:

اساسی قانون 2020/3، از 29 دسمبر (LOMLOE)، جس کے ذریعہ تعلیم کے اساسی قانون 2006/2 از 3 مئی میں ترمیم کی گئی، اس کی شق 21، 29 اور 144 میں فراہم کیا گیا ہے کہ ہر سال تمام **طلباء جو 4º دے پریماریا اور 2º دے سیکونداریا میں ہوں گے ان کا تعلیمی سال 2023-2024 سے** امتحان لیا جائے گا۔

یہ امتحانات تعلیمی مراکز، اساتذہ، طلباء اور ان کے خاندانوں اور تعلیمی کمیونٹی کے لئے **معلوماتی، تربیتی اور رہنمائی** کی نوعیت رکھتے ہیں اور کومونیداد آؤطونوماس (CCAA) کی تعلیمی انتظامیہ ان کی ذمہ دار ہو گی۔ تعلیمی امتحانات کے قومی انسٹیٹیوٹ (INEE) نے تعلیمی نظام کے امتحانات کا عمومی ڈھانچہ تشکیل دیا ہے۔

سال 2024 میں آراغون کے تعلیمی مراکز میں یہ مندرجہ ذیل ایام میں لیے جائیں گے:

پریماریا	سیکونداریا
27 مئی تا 7 جون	13 مئی تا 24 مئی

آپ کے بچے کا مخصوص تاریخوں میں اور جن سے تعلیمی مراکز کو آگاہ کر دیا گیا ہے، **ریاضی** اور دوسرا **ہسپانوی زبان اور ادب** کا امتحان لیا جائے گے۔ تعلیمی مرکز کو اجازت نہیں کہ امتحانات کی تاریخوں کی تعلیمی کمیونٹی میں تشہیر کریں۔ یہ امتحانات ڈیجیٹل طرز پر انجام دیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ شرکت کرنے والے طلباء کے لئے ان کے نتائج کا ان مضامین/شعبہ جات پر اور نہ ہی ان کی تعلیمی کارکردگی کے ریکارڈ پر کوئی اثر پڑے گا۔

جیسا کہ دیگر امتحانات میں ہوتا ہے چاہے وہ قومی ہوں یا بین الاقوامی ہوں، اور نتائج کے سیاق و سباق کے لحاظ سے جائزہ لینے کے لئے **طلباء کی سماجی معاشی اور ثقافتی نوعیت کی معلومات کو جمع کرنے کے لئے سوالنامے فراہم کیے جائیں گے۔** 4º دے پریماریا کے طلباء کے لئے، بچوں کے والدین یا قانونی سرپرست جو یہ سوالنامہ موصول کریں گے انہیں اس طریق پر اسے سکول تک پہنچانا ہو گا جو سکول کی جانب سے متعین کیا جائے گا۔ 2º دے سیکونداریا کے طلباء کے لئے، خود طلباء سوالات کے جواب دیں گے۔ آخر پر، تمام جوابات ڈیجیٹل طرز میں جمع کیے جائیں گے اور مکمل طور پر گمنام ہوں گے۔

ان امتحانات کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ جائزہ لیے گئے مخصوص مسابقت کے مظہر حاصل کیے جا سکیں جو بنیادی طور پر تعلیمی مراکز اور تعلیم کی فراہمی کے ذمہ دار اداروں کو بہتری کے لئے جاری کردہ اقدامات اور منصوبوں کی تشخیص قائم کرنے کی اجازت دیں۔ اس لئے، یہ امتحانات طلباء کے لئے انفرادی جائزہ نہیں ہیں اور نہ ہی ان امتحانات کے سبب انہیں اپنے سیکھنے کے معمول کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔

آپ کے تعاون کا شکریہ، والسلام۔

José Calvo Dombón

Director Centro de Evaluación, Formación y Calidad de Aragón

CENTRO DE **EVALUACIÓN, FORMACIÓN** y **CALIDAD** DE **ARAGÓN**

FIRMADO ELECTRÓNICAMENTE por José Calvo Dombón, Director, CENTRO DE EVALUACIÓN, FORMACIÓN Y CALIDAD DE ARAGÓN el 11/04/2024.
Documento verificado en el momento de la firma y verificable a través de la dirección http://www.aragon.es/verificadoc con CSV CSVWA75RMJ5GG1V01PFI.